2

بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

عنوان :-اعتراضات وتجاویز بابت انتخابی حلقہ جات پی بی 28 کوئٹہ IV، پی بی 29 کوئٹہ V، پی بی 25 کوئٹہ I، پی بی 31، کوئٹہ VII، پی بی 33 کوئٹہ IX بلوچستان کوئٹہ۔

جناب عالی!

گزارش ہے کہ درخواست گزار پاکستانی شہری علمدار روڈ کوئٹہ کا مقامی باشندہ اور حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV کا ووٹر ہے۔ یہ کہ درخواست گزار کا تعلق کوئٹہ بلوچستان کی ہزارہ قوم سے ہے۔ اس قوم کے افراد کو گزشتہ 18 سالوں سے بدترین دہشت گردی کا سامنا ہے۔ شدید عدم تحفظ کی شکار ہزارہ قوم بہ امر مجبوری حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV (آبائی حلقہ) اور حلقہ پی بی 27 کوئٹہ III کے مخصوص علاقوں میں محصور ہیں۔ جہاں کے داخلی وخارجی راستوں پر فورسز کی چیک پوسٹوں کے ذریعے اس قوم کو تحفظ فراہم کیا جارہا ہے۔ یہ کہ اس قوم کے افراد پر آزادانہ نقل وحرکت، کاروبار، تجارت، تعلیم، روزگار، ملازمت، کھیل سمیت دیگر سرگرمیوں پر غیر اعلانیہ پابندی اس لئے لگائی گئی ہے کہ اگر اس قوم کا کوئی فرد اپنے علاقوں سے نکل جائے تو امن وامان کی مخدوش صورتحال کے پیش نظر ٹارگٹ کلنگ کا خدشہ ہے۔

یہ کہ 2017 کو کی جانے والی مردم شماری میں حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV کی ہزارہ آبادی کے چارج نمبر 7 میں نصف سے زائد افراد کو شمار نہیں کیا گیا جسکے نتیجے میں اس قوم کی آبادی انتہائی کم ظاہر کی گئی اور نتیجتاً حلقہ بندیوں کے دوران آبادی کو مکمل کرنے کے غرض سے چارج نمبر 7 کے ساتھ پی بی 28 کوئٹہ IV میں انتہائی دور افتادہ علاقوں کے غیر مربوط ووٹرز کو شامل کیا گیا ہے۔ جسکی وجہ سے اس قوم کا آبائی حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV (سابق پی بی 2) نہ صرف شدید متاثر ہوا ہے بلکہ اس حلقے میں جغرافیہ، زمینی ربط، لسانی وسماجی تعلق کو بالائے طاق رکھ کر حد بندی کر کے امن عامہ کا مسئلہ پیدا کیا گیا ہے۔

یہ کہ شدید عدم تحفظ اور نسل کشی کا شکار ہزارہ قوم کے افراد کا پی بی 28 کوئٹہ IV کے نواحی علاقوں میں انتخابی مہم چلانا ناممکن بن چکا ہے۔ آزادانہ نقل وحرکت نا کر سکنے والی ہزارہ قوم کے افراد حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV کی موجودہ حد بندی میں کسی صورت جمہوری انتخابی عمل کا حصہ نہیں بن سکتے، جو اس قوم کے بنیادی انسانی وشہری حقوق کی پائمالی کے مترادف ہے۔ موجودہ حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV میں شفاف انتخابی عمل ممکن نہیں، بلکہ ایسی صورتحال میں انتخابات میں شدید ترین بدامنی اور تصادم کا خطرہ ہے۔

درج بالا صورتحال کے تناظر میں گزارش ہے کہ حلقہ پی بی 28 کوئٹہ IV کیلئے ترتیب دی گئی مجوزہ حد بندی پر عمل درآمد کیا جائے، جس کے ترتیب کے دوران متاثر ہونے والے دیگر حلقوں کی حد بندی میں بھی انصاف کے تقاضے پورے کئے گئے ہیں۔

کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے پانچ حلقوں کی مجوزہ حد بندی درج ذیل ہے:-

30/07/2018

نئی مجوزہ حلقہ بندیاں۔

نام حلقہ		آبادی
پی بی25 کوئٹہ I		
1	کچلاک	154987
2	پنجپائی سب تحصیل	20726
3	نوحصار سب تحصیل	26304
4	بلیلی سب تحصیل	11015
5	بلیلی II	10500
6	بلیلی III	13166
7	درانی II پی سی (سوائے زڑخوزڑخوغربی)	31242
	کل آبادی	268840
پی بی 26 کوئٹہ II		
1	درانی I پٹوار سرکل قانون گو صدر تحصیل	185098
2	بلیلی I پٹوار سرکل قانون گو حلقہ بلیلی	82556
	کل آبادی	267654
پی بی27 کوئٹہ III		
1	شادیزئی I سٹی تحصیل	818492
2	صدر III (موضع شابو)	1206
3	صدر IV (موضع ترخہ کاسی)	3346
	کل آبادی	823044
پی بی28 کوئٹہ IV		
1	چارج نمبر 2 کا سرکل نمبر 1	10463
2	چارج نمبر 5	13064

30/03/2018

3	چارج نمبر7	68921
4	چارج نمبر 8	108119
	کل آبادی	200567

پی بی29 کوئٹہ V

1	چارج نمبر1 (ماسوائے سرکل نمبر1)	26113
2	چارج نمبر2 (ماسوائے سرکل نمبر1)	39600
3	چارج نمبر6	62068
4	چارج نمبر9 (ماسوائے سرکل نمبر4)	122991
	کل آبادی	250772

پی بی30 کوئٹہ VI

1	چارج نمبر10 (ماسوائے سرکل نمبر2)	79341
2	چارج نمبر 11	63343
3	چارج نمبر 12	113541
4	چارج نمبر 1 کا سرکل نمبر I	15954
	کل آبادی	272179

پی بی31 کوئٹہ VII

1	چارج نمبر9 کا سرکل نمبر4	21550
2	چارج نمبر10 کا سرکل نمبر2	8678
3	چارج نمبر13	117381
4	چارج نمبر14	130078
	کل آبادی	277687

پی بی32 کوئٹہ VIII

1	پٹوار سرکل کیچی بیگ III قانون گو کیچی بیگ تحصیل سٹی	278446
	کل آبادی	278446

ی

پی بی33 کوئٹہ IX

1	پٹوار سرکل قانون گو حلقہ کیچی بیگ I	72363
2	کیچی بیگ II	26200
3	شادیزئی II	77971
4	شادیزئی III	47464
5	درانی II پی سی کے علاقے زڑخوزڑخو غربی	13006
	کل آبادی	236510

کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے درج بالا 5 حلقوں میں کی گئی ترامیم اور تجاویز پر عمل کی صورت میں ہزارہ قوم سمیت دیگر شہریوں کیلئے شفاف، آزادانہ اور منصفانہ انتخابی عمل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔

آپ جناب سے گزارش ہے کہ تجاویز پر غور کر کے مشکور فرمائیں۔

درخواست گزار

مرزا حسین ولد محمد حسین

ساکن علمدار روڈ، کوئٹہ

انتخابی حلقہ پی بی28 کوئٹہ IV

HDP آفس علمدار روڈ کوئٹہ

03003841674